صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعة المبارک مورخہ 22 مئی 2015ء بمطابق 03 شعبان 1436 ہجری بعداز دوپہر تین بجکر پچپن منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، اسد قیصر مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

قَدۡ اَفۡلَحَ مَن تَزَکّٰیۙO وَذَکَرَ اسۡمَ رَبِّہٖ فَصَلّٰیۙO بَلۡ تُؤۡثِرُونَ الۡحَیٰوۃَ الدُّنۡیَاO وَالۡاٰخِرَۃُ خَیۡرٌ وَّاَبۡقٰیۙ O اِنَّ ھٰذَا لَفِی الصُّحُفِ الۡاُولٰیۙO صُحُفِ اِبۡرٰھِیمَ وَمُوسٰیۙ۔

(ترجمہ): بے شک وہ مراد کو پہنچ گیا جو پاک ہوا۔ اور اپنے پروردگار کے نام کا ذکر کرتا رہا اور نماز پڑھتا رہا۔ مگر تم لوگ تو دنیا کی زندگی کو اختیار کرتے ہو۔ حالانکہ آخرت بہت بہتر اور پائندہ تر ہے۔ یہ بات پہلے صحیفوں میں (مرقوم) ہے۔ (یعنی) ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں۔ وآخِرُ الدَعۡوَانا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِینَ۔

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

اسمبلی کی پارلیمانی سال دوئم کی کارکردگی رپورٹ

جناب سپیکر: سب سے پہلے تو میں، چونکہ آج days 100 ہمارے پورے ہوئے ہیں تو میں اس پر ایک، میں تھوڑا اس کے حوالے سے جو ہماری کارکردگی رہی ہے، میں اس کی ایک رپورٹ اسمبلی کے سامنے پیش کرنا چاہتا ہوں۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ موجودہ اسمبلی نے 29 مئی 2013 کو حلف اٹھایا تھا، ہم اللہ کے فضل سے اپنا دوسرا پارلیمانی سال 28 مئی کو پورا کر رہے ہیں۔ میں آپ سب کو دوسرا سال مکمل ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ساتھ ہی ساتھ موجودہ اسمبلی کے دوسرے سال کی کارکردگی سے آگاہ کرنا چاہتا ہوں۔ اس سال اسمبلی کے دو اجلاس منعقد ہوئے جس میں موجودہ اجلاس بھی شامل ہے اور آج تک کل days 100 کی کارروائی مکمل کی گئی جو آئین کی روح کے عین مطابق ہے۔ حکومتی کارکردگی قانون سازی سے جانی جاتی ہے اور اسمبلی کو بھی قوانین، چاہے بل کی شکل میں ہوں یا آرڈیننس کی شکل میں ہوں، ایوان کے سامنے پیش کرنا ہوتے ہیں۔ اس حوالے سے آپ کی آگاہی کیلئے یہ بتانا چاہتا ہوں کہ موجودہ اسمبلی کو کل 44 بلز، آرڈیننس حکومت کی طرف سے موصول ہوئے جن میں سے 37 پاس کئے گئے اور تین کمیٹی کے حوالے کئے گئے جبکہ ایک زیر غور ہے۔ اس کے علاوہ پانچ پرائیویٹ ممبرز بل موصول ہوئے جس میں سے ایک پاس کیا گیا جبکہ دو اسمبلی میں پیش کئے گئے، نیز دو حکومت کے زیر غور ہیں۔ مذکورہ قوانین میں جو قانون سازی خصوصی اہمیت کی حامل ہے، ان میں سے چیدہ چیدہ کا ذکر کرنا ضروری سمجھتا ہوں جن میں:

The Khyber Pakhtunkhwa, Civil Servants Retirement Benefit and Death Compensation Bill, 2014; The Khyber Pakhtunkhwa, Senior Citizens Bill, 2014; The Khyber Pakhtunkhwa, Technical Education and Vocational Training Authority Bill, 2014; The Khyber Pakhtunkhwa, Health Care Commission Bill, 2015; The Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Amendment) Bill, 2015; The Khyber Pakhtunkhwa, Medical Officers (Regularization of Services) Bill, 2015

شامل ہیں۔ موجودہ اسمبلی کو اس سال 826 سوالات موصول ہوئے جن میں سے 227 سوالات نمٹائے گئے جبکہ 102 قراردادیں موصول ہوئیں جن میں سے 38 پر اسمبلی نے اپنی رائے کا اظہار کیا جبکہ 227 توجہ دلاؤ نوٹسز موصول ہوئے ہیں جن میں سے 45 پر متعلقہ وزراء نے حکومتی موقف بیان کیا، نیز 41 تحاریک التواء

موصول ہوئی ہیں جن میں سے 11 پر تفصیلی بحث کی گئی۔ قائمہ اور دیگر کمیٹیوں کی کل 107 مجالس منعقد کی گئیں جن میں کئی قوانین اور دیگر امور نمٹائے گئے۔اس موقع پر ممبرز اسمبلی کی محنت اور کوششوں کا ذکر نہ کرنا زیادتی ہوگی کیونکہ اسمبلی اجلاس کو چلانے میں ممبران جس دلجمعی سے سوالات، قراردادیں، تحاریک التواء اور توجہ دلاؤ نوٹسز جمع کرتے ہیں اور جس انداز سے وہ عوامی شکایات کے حل کیلئے کوشاں رہتے ہیں، میں ان کی کاوشوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں۔اس موقع پر یہ بھی واضح کرتا چلوں کہ بہت سے ممبران اپنے بزنس کو ایجنڈے پر لانے میں اصرار کرتے ہیں لیکن بعض اوقات بوجہ قانونی مجبوری کے ان کو وقت نہیں دے پاتا پھر بھی ان کی طرف سے تعاون کا شکر گزار ہوں۔ موجودہ اسمبلی میں سب سے زیادہ سوالات پیش کرنے پر میں مفتی سید جانان صاحب، مفتی فضل غفور صاحب اور محترمہ ثوبیہ شاہد کی کاوشوں کو سراہتا ہوں اور ساتھ ہی ساتھ محترمہ معراج ہمایون صاحبہ، محترمہ آمنہ سردار صاحبہ، جناب منور خان صاحب، جناب جعفر شاہ اور سردار محمد ادریس صاحب اور دیگران تمام ممبران کی کاوشوں کو سراہتا ہوں جنہوں نے قانون سازی کے عمل میں حصہ لیا اور جو دوسروں کیلئے مشعل راہ ہے۔ مجھے امید ہے کہ دیگر ممبران بھی آنے والے وقتوں میں اسمبلی کارروائی میں حصہ لیں گے اور اپنا قومی فریضہ ادا کریں گے۔ موجودہ اسمبلی کو یہ اعزاز بھی حاصل ہے کہ ہمارے سابق وزیر خزانہ جناب سراج الحق صاحب سیاسی دائرے میں اہم کردار ادا کرتے ہوئے وفاقی سطح پر اپنی پارٹی جماعت اسلامی پاکستان کے امیر منتخب کئے گئے اور بعد ازاں سینٹ کے عہدے کا حلف بھی لیا جو ہم اپنے لئے باعث فخر سمجھتے ہیں۔ میں آخر میں صوبائی اسمبلی کے جملہ سٹاف کی انتھک محنت اور کاوشوں کو بھی سراہتا ہوں اور ان کا تعاون جو ممبران اسمبلی اور ہمیں میسر ہے، ان کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔ میں ان تمام اداروں کو خصوصاً پولیس، سیکورٹی ایجنسیاں اور خاصکر صحافی برادری کا بھی شکر گزار ہوں جنہوں نے اسمبلی اجلاس کے دوران ڈیوٹی سرانجام دی اور ان کے تعاون سے ہم اجلاس کو بہتر انداز میں چلانے کے قابل ہوئے۔ بہت شکریہ جی، اور میں اس پر بھی فخر محسوس کرتا ہوں کہ اس وقت جتنی بھی اسمبلیاں ہیں، ان کی جو مجموعی کارکردگی سامنے آئی ہے تو اس میں الحمدللہ ہماری صوبائی اسمبلی کے پی کے سب سے Leading پہ آگئی ہے اور اس کی باقاعدہ رپورٹ آگئی ہے۔ سب سے زیادہ قانون سازی ہماری اسمبلی نے کی ہے اور سب سے زیادہ تحاریک التواء، ایڈجرنمنٹ موشنز اور دیگر قانون سازی، وہ بھی

صوبائی اسمبلی نے کی ہے جو قابل فخر ہے۔ شکریہ جی۔ اچھا میں آپ کو موقع دیتا ہوں، میں صرف امتیاز شاہد صاحب کو تھوڑا پہلے دیتا ہوں، اس کے بعد آپ کو، امتیاز شاہد صاحب! میں ایجنڈے کو تھوڑا وہ کرتا ہوں اور امتیاز شاہد صاحب! اپنا وہ آئٹم نمبر 8، اس کے بعد میڈم! آپ کو، وہ میں نے ایجنڈا چینج کر دیا۔

مسودہ قانون کا متعارف کرایا جانا

(خیبر پختونخوا اسٹیبلشمنٹ آف سول موبائل کورٹس مجریہ 2015)

Mr. Imtiaz Shahid (Minister for Law): Mr. Speaker Sir, I beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Establishment of Civil Mobile Courts Bill, 2015, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

مسودہ قانون (ترمیمی) کا متعارف کرایا جانا

(خیبر پختونخوا رائٹ ٹو انفارمیشن مجریہ 2015)

Mr. Speaker: Honourable Minister for Information, item No. 9.

Minister for Law: Mr. Speaker Sir, I beg to introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Right to Information (Amendment) Bill, 2015, in the House.

Mr. Speaker: It stands introduced.

مجلس قائمہ برائے محکمہ ماحولیات کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Item No. 10: Mr. Qurban Ali Khan, member Standing Committee No. 11.

Mr. Qurban Ali Khan: Mr. Speaker, on behalf of Chairman of Standing Committee No. 11, on Environment Department, I beg to move that the report of Standing Committee No. 11, on Environment Department may be adopted, presented in the House on 04-05-2015.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of Standing Committee No. 11, on Environment may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

مجلس قائمہ برائے محکمہ انتظامیہ کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

Mr. Speaker: Madam Anisa Zeb Tahirkheli, item No. 11.
Ms: Anisa Zeb Tahir Kheli: Thank you, Mr. Speaker. Mr. Speaker, I beg to move that the report of Standing Committee No. 23, on Administration Department may be adopted.
Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of Standing Committee No. 23, on Administration may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

(Interruption)

جناب سپیکر: یہ چھٹی کی، تین دنوں کی چھٹی کی درخواست ہے بس میں کارروائی کرلوں پھر آپ بولتے رہیں نا جی۔

اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: جناب سید جعفر شاہ صاحب 11-05-2015 تا 17-05-2015؛ محترمہ دینا ناز صاحبہ 11-05-2015؛ جناب عبدالحق صاحب، ایڈوائزر 11-05-2015؛ جناب سردار سورن سنگھ صاحب، محترمہ آمنہ سردار صاحبہ، جناب میاں ضیاءالرحمان صاحب، جناب انور حیات صاحب، محترمہ رقیہ حنا صاحبہ، محترمہ خاتون بی بی، جناب شکیل صاحب، محترمہ نادیہ شیر صاحبہ، ان سب کی چھٹی 11-05-2015 کیلئے ہے، یہ منظور ہیں جی؟ یہ 19 والا ہے جناب سلیم ایم پی اے، جناب میاں ضیاءالرحمان، جناب سردار ظہور احمد، جناب ملک ریاض صاحب، جناب زاہد درانی، جناب صالح محمد صاحب، جناب ابرار حسین، محترمہ دینا ناز، یہ 19 تاریخ کیلئے، منظور ہیں جی؟

اراکین: منظور ہے۔

جناب سپیکر: 22 کیلئے، جناب سید جعفر شاہ صاحب، جناب مشتاق احمد غنی صاحب، جناب سکندر حیات شیر پاؤ صاحب، جناب سردار ظہور احمد صاحب، جناب ابرار حسین صاحب، جناب صالح محمد صاحب، جناب زاہد درانی، جناب ضیاءالرحمان، جناب حبیب الرحمان صاحب، منظور ہیں؟ جناب گوہر نواز صاحب، جناب راجہ فیصل زمان صاحب، جناب فریڈرک عظیم صاحب، جناب فضل حکیم صاحب، جناب سردار اورنگزیب نلوٹھا، جناب شیر از خان، محترمہ دینا ناز، بابر سلیم 22 تاریخ کیلئے، منظور ہیں جی؟

اراکین: منظور ہیں۔

رسمی کارروائی

(رہائشی علاقوں میں تعلیمی اور کاروباری سرگرمیاں)

جناب سپیکر: میڈم، جی بسم اللہ۔ میڈم انیسہ زیب! آپ وہ مجھے بھیج دیں، جی جی، نگہت اورکزئی صاحبہ۔

محترمہ نگہت اورکزئی: شکریہ جناب سپیکر صاحب۔ جناب سپیکر صاحب، 16 دسمبر 2014 کو ایک بہت ہی افسوس ناک واقعہ ہمارے کے پی کے کے اے پی ایس کا واقعہ ہوا اور اس کے بعد جناب سپیکر صاحب! بہت سے بچوں نے جو شہادتیں دیں، ان کے ٹیچرز نے شہادتیں دیں، اس کے بعد گورنمنٹ نے ایک انسٹرکشن جاری کی کہ تمام جو سکولز ہیں اور کالجز ہیں پرائیویٹ، وہ اپنی سیکورٹی اور اپنی جو دیواریں ہیں ان کی اور اپنی سیکورٹی کے پوائنٹ آف ویو سے اپنے کالجز اور سکولز کو Update کر لیں۔ جناب سپیکر! آپ کی توجہ چاہتی ہوں جی اور اس کے بعد جناب سپیکر صاحب! جو پرائیویٹ سکولز کے اونرز تھے، انہوں نے کافی خرچہ کر کے اپنے سکولز کو سیکورٹی پوائنٹ آف ویو سے ٹھیک کر دیا۔ ابھی Recently جناب سپیکر، یہ بات ہوئی کہ ان کو کہا گیا کہ آپ یونیورسٹی ٹاؤن اور حیات آباد اور Residential Area سے تمام کالجز اور سکولز جو ہیں یہاں سے ہٹا لئے جائیں اور یہاں جناب سپیکر! چار مہینے کی ان کو مہلت دی گئی جو کہ بہت کم ہے۔ اس پہ جناب سپیکر! میں آپ کے توسط سے یہاں پہ ہمارے منسٹر صاحب لوکل گورنمنٹ کے بیٹھے ہوئے ہیں، عنایت اللہ صاحب سے پہلے ہی بات ہو چکی ہے کہ اس سے تقریباً تیس چالیس ہزار بچے جو ہیں وہ ایجوکیشن سے بھی محروم ہوں گے اور جناب سپیکر! جن لوگوں نے اس میں انویسٹمنٹ کی ہوئی ہے، یہاں پہ اونرشپ ہے جن لوگوں کی اور جو ایجوکیشن کی خدمت کر رہے ہیں جناب سپیکر صاحب! ان کو بھی کافی Loss ہو گا۔ میں آپ کے توسط سے یہ بات کرنا چاہوں گی یہاں پہ اپنے لوکل منسٹر صاحب سے، عنایت اللہ صاحب سے کہ ان کیلئے کچھ کیا جائے جناب سپیکر! کیونکہ تیس ہزار بچے ایجوکیشن سے بھی محروم ہو جائیں گے اور جناب سپیکر صاحب، سیکورٹی پوائنٹ آف ویو سے یہ لوگ کہاں جائیں؟ یعنی ان کو نہ تو صدر میں، نہ سٹی میں، نہ کہیں اور ان کو جب جگہ نہیں مل رہی ہے تو میری پہلے بھی ایک Suggestion یہی تھی، آپ کے توسط

سے میں نے ان کو بتایا تھا کہ اگر ان لوگوں کیلئے ایک ایسی جگہ مختص کر دی جائے کہ جہاں پہ صرف یہ سکولز ہی ہوں تو نہ لوگوں کو پرابلم ہو لیکن یہ ایک ٹائم لے گا، میں جناب سپیکر صاحب! آپ سے درخواست کروں گی کہ مجھے پھر اجازت دی جائے کہ میں ایک امنڈمنٹ جو لوکل بل ہے، اس میں ایک امنڈمنٹ کرنا چاہوں گی تاکہ وہ میں سیکرٹریٹ میں جمع کروادوں تاکہ ان لوگوں کو پریشانی نہ ہو اور طلباء جو اپنی تعلیم مکمل کر رہے ہیں تاکہ، کیونکہ یہ گورنمنٹ ایجوکیشن پہ بہت توجہ دے رہی ہے، یہ اس بات کا نعرہ لگا رہی ہے تو میں سمجھتی ہوں کہ ایجوکیشن کے نام سے ان لوگوں کو یعنی یہاں سے Dislocate نہیں کیا جائے گا اور ان لوگوں کو Proper ایک جگہ جب وقت آئے گا تو دے دی جائے گی لیکن تب تک ان کو وہاں پہ اپنے سکولز اور کالجز چلانے کی اجازت دی جائے۔ جناب سپیکر! میں آپ۔۔۔۔

جناب سپیکر: عنایت اللہ خان! عنایت اللہ خان۔

جناب عنایت اللہ {سینئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ سر! میڈم نے جو نکتہ اٹھایا ہے، یہ خصوصاً جو یونیورسٹی ٹاؤن ہے، اس کی طرف انہوں نے اشارہ کر دیا ہے۔ یہ جو ہمارے Planned towns ہوتے ہیں، ان کے Bylaws ہوتے ہیں اور وہاں جو بلڈنگز ہوتی ہیں، 'بلڈنگز کوڈ' کو Follow کرنا پڑتا ہے، وہاں کی جو Activities ہوتی ہیں، وہ اس پلاننگ کے تحت ہوتی ہیں جو ان Planned towns کیلئے کی گئی ہوتی ہیں۔ یونیورسٹی ٹاؤن کا مسئلہ یہ ہے کہ اس کے Bylaws بڑے پرانے ہو چکے ہیں اور یہاں Commercial activity جو ہے، وہ بہت عرصے سے ہو رہی ہے اور عملاً ٹاؤن کے اندر کوئی 475 یا 500 کے Around گھر ہیں، اس میں سے 90% Almost کے اندر Commercial activity ہو رہی ہے، یہ کوئی 400 کے اوپر لگ بھگ گھر ہیں کہ اس کے اندر Commercial activity ہو رہی ہے۔ ہماری مشکل یہ ہے کہ اس پہ ہائی کورٹ، سپریم کورٹ کے Decisions آ چکے ہیں کہ ان علاقوں سے، Residential area سے Commercial activity پہ پابندی لگائی جائے اور ٹاؤن کے اندر اس وقت بڑے پیمانے پہ سکولز ہیں، ان سکولوں کے اندر ہزاروں بچے جو ہیں وہ تعلیم حاصل کر رہے ہیں اور اس میں بڑے Historical Hospitals اور کلینکس بھی موجود ہیں جو کہ Sixties کے Seventies اور Seventy five سے یہاں کام کر رہے ہیں اور بعض میرے خیال میں

اس دور کے بھی ہیں۔ تو یہ ایک Difficult issue ہے، اس پہ میں نے خود میٹنگز کیں، اسمبلی کے اندر نکتہ اعتراض جعفر شاہ صاحب نے اٹھایا اور اس کے نتیجے میں میں نے ٹاؤن کے Residents کو بھی بلایا اور ٹاؤن کے اندر یہ جو Commercial activities کرنے والے لوگ ہیں، ان کے نمائندوں کو بھی بلایا، یاسین خلیل صاحب بھی اس میٹنگ کے اندر موجود تھے، ہم نے ان کے ساتھ، لیگل ان کے ایکسپرٹس بھی تھے، ان کے لیگل ایڈوائزرز بھی تھے اور ہمارے ڈیپارٹمنٹ کے لوگ بھی تھے اور بڑی ہماری تفصیلی اس پہ گفتگو ہوئی اور میری کوئی تین چار میٹنگز اس کمیونٹی کے ساتھ ہو گئی ہیں۔ میرا خیال ہے ٹاؤن کے لوگوں کا مسئلہ Genuine ہے اور وہاں جو Commercial activity ہو رہی ہے، اس کو اگر ہم بند کریں گے تو اس سے بہت بڑی بے روزگاری کا خطرہ ہے اور Educational institutions specially جو ہیں اور ہیلتھ کے جو کلینکس اور ادارے ہیں، وہ جب Hit ہوں گے تو اس کا بھی بڑا برا اثر پڑے گا، اسلئے میں سمجھتا ہوں کہ اس کا کوئی حل نکلنا چاہیئے اور اس کی جو ہماری ڈیبیٹیں اور ڈسکشنز ہوئی ہیں، اس میں اس کے بغیر کوئی راستہ نہیں ہے کہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے اندر امنڈمنٹ کی جائے، ہمارے جو کرنٹ لاز ہیں، اس کے اندر یہ Cover نہیں ہیں اور لوکل گورنمنٹ ایکٹ کے اندر اگر کوئی امنڈمنٹ ہو جاتی ہے جس کے اندر ایک ٹائم پیریڈ کے اندر ان کیلئے Alternate بندوبست ہو جاتا ہے جو کہ فوری طور پر ممکن نہیں ہے، چار، پانچ، چھ مہینے، ایک سال کے اندر ممکن نہیں ہے۔ میرے خیال میں Ideally تو یہ ہونا چاہیئے کہ اس پشاور سٹی کے اندر کار سٹی ہو، اس پشاور کے اندر ایجوکیشن سٹی ہو، اس کے اندر ہیلتھ سٹی ہو اور یہ جتنی بھی Activities ہیں، وہ ایک Roof کے اندر اور ایک چھت کے نیچے یہ ساری Organized ہوں اور یہ پورا پشاور جو ہے، یہ ایک Planned city بن جائے اور اس کی یہاں سے مطلب یہ جو Mixing ہے اس وقت Commercial activities کی اور Residential areas کی، یہ سلسلہ ختم ہو۔ یہ میرا خیال ہے کہ کوئی فوری طور پر یہ کام ممکن نہیں ہے، یہ حیات آباد کے اندر ممکن ہے، یہ ریگی للمہ کے اندر ممکن ہے، یہ جو باقی نئے ٹاؤنز ڈیویلپ ہوئے ہیں، Comparatively ان کے اندر ممکن ہے لیکن جو پرانے کا، پرانا مطلب ٹاؤن، یونیورسٹی ٹاؤن ہے، اس کے اندر یہ ممکن نہیں ہے، اسلئے میں ان کو ایشورنس دلاتا ہوں کہ ان کی طرف سے کوئی امنڈمنٹ اس سلسلے میں آئے گی، اس امنڈمنٹ کو ہم Favorably مطلب دیکھیں

گے اور دیکھیں گے کہ وہ امنڈمنٹ ہمارا جو لوکل گورنمنٹ ایکٹ ہے، اس کی Spirit کے ساتھ وہ Contradict نہ کرے اور اس امنڈمنٹ کے تھرو کوئی ایسی Unbridled bars اور وہ چیزیں نہ ملیں جس کے نتیجے میں پھر ہر کوئی آ کے Claim کرے بغیر کسی Justification کے کہ ہمیں بھی یہ Facility extend کی جائے۔ اگر ان شرائط کے تحت کوئی امنڈمنٹ اسمبلی کے اندر موؤ ہوتی ہے تو حکومت اس کو سپورٹ کرے گی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: میڈم! میں ایک-----

محترمہ نگہت اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! میں یہ کہنا چاہتی ہوں۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اس نے بہت Positively کہا ہے کہ وہ کر لیں گے۔

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

(پارلیمانی وفد کا دورہ سکاٹ لینڈ)

جناب سپیکر: جی ایک اور میں ایک اعلان کرنا چاہتا ہوں۔ جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ ہماری اسمبلی سے میری سربراہی میں معزز اراکین اسمبلی کا ایک وفد سکاٹ لینڈ کے دورے پر گیا تھا جو کہ انتہائی کامیاب رہا۔ اسی دورے کی روشنی میں میں نے ایک سٹیرنگ کمیٹی تشکیل دی ہے جو کہ آئندہ اس بابت مزید اقدامات اٹھائے گی تاکہ صوبہ خیبر پختونخوا اور سکاٹ لینڈ کی اسمبلی و حکومت میں باہمی تعلقات اور روابط بہتر ہو سکیں، جو درج ذیل معزز اراکین اسمبلی پر مشتمل ہے۔ میڈم انیسہ زیب طاہر خیلی اس کی چیئر پرسن ہو گی۔

1۔ محترم سید جعفر شاہ صاحب۔ 2۔ ڈاکٹر حیدر علی صاحب۔ 3۔ محترم جناب نور سلیم صاحب۔ 4۔ محترم ارباب اکبر حیات صاحب۔ 5۔ محترم جناب ضیاء اللہ آفریدی صاحب۔ 6۔ محترم جناب عبدالمنعم صاحب۔ 7۔ محترم مظفر سید صاحب۔ 8۔ جناب شاہ فرمان صاحب۔ 9۔ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ۔ 10۔ سیکرٹری ٹو کمیٹی عطاء اللہ صاحب۔

میں سیکرٹریٹ کو انسٹرکشنز دیتا ہوں کہ وہ اس کو Immediately notify کرے۔

مفتی سید جانان: جناب سپیکر صاحب!

جناب سپیکر: جی مفتی جانان صاحب! اس Topic پہ آپ بات کرنا چاہتے ہیں، مفتی صاحب؟

مفتی سید جانان: نہیں سر! میرا یہ سوال ہے۔

جناب سپیکر: نہیں 'کوئسچنز آور' ابھی میں کرتا ہوں نا، کوئسچنز اب شروع کرتا ہوں۔

مفتی سید جانان: سر! زما دا یو ڈیر ضروری سوال دے۔

جناب سپیکر: اچھا میں کرتا ہوں، ابھی میں، آپ حوصلہ کریں، میں کرتا ہوں جی۔

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

Mr. Speaker: 'Questions` Hour': Ji, Mohtarama Sobia Shahid, 2269. Not present. 2272, Mohtarama Sobia Shahid. Not present. 2280, Mohtarama Sobia Shahid. Not present. 2313, Malik Noor Salim Khan. Not present. 2337, Mohtarama Anisa Zeb.

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر۔ یہ میرے پاس جو کوئسچنز پڑے ہیں، اس میں پہلا سوال تو 2268 ہے، وہ Skip ہو گیا۔

جناب سپیکر: اچھا اچھا، یہ بعد میں، اس کو بعد میں لے لیں گے۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: اچھا ٹھیک ہے جناب! اوکے جی۔ کوئسچن نمبر 2337، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: جی۔

* 2337 _ Ms. Anisa Zeb Tahirkheli: Will the Minister for Administration be pleased to state that:

(a) Is it true that vehicles have been allotted to unauthorized persons;

(b) If yes, then please provide:

(i) Fleet of Transport, Model and its occupancy;

(ii) Is allotment of vehicles to unauthorized persons in not violation of rules, please provide complete details?

Mr. Parvez Khattak (Chief Minister) (Answered by Minister for Public Health Engineering): (a) No. It is not true. The Administration Department never allots vehicles to unauthorized persons. The Transport Committee of Provincial Government has authorized the use of a definite number of vehicles for all

Provincial Government Departments and their attached offices. All the offices use vehicles as per authorization. The record of all vehicles and their operating expenses including POL and repair/ maintenance is inspected by the Auditor General of Pakistan on the closure of every financial year. The report is then submitted to Public Accounts Committee, which is constitutional body and headed by Opposition Leader. In case of any unauthorized use of vehicle by any department or its attached offices, the Public Accounts Committee calls in question the head of that department or attached office.

(b) (i) No unauthorized person has been provided vehicles by Administration Department. However details of vehicles of Administration Department are attached at annex-C

(ii) Detail provided as above in (i).

<u>محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی</u>: جناب سپیکر! یہ جو سوال تھا میرا، وہ Basically منسٹر ایڈ منسٹریشن جو کہ خود وزیر اعلیٰ صاحب ہیں، ان سے تھا۔ یہ گاڑیوں کی Unauthorized جو Usage ہو رہی ہے تو اس میں جواب تو ان کی طرف سے یہی آیا ہے کہ کوئی ایسی گاڑی نہیں ہے جو Unauthorized ہے لیکن بہت سے Occasions پہ آپ نے خود دیکھا کہ ایسی بہت سی گاڑیاں نظر آئیں، کبھی میڈیا کے ذریعے بھی اور سرکاری گاڑیوں کے نمبر پلیٹس کے ساتھ، تو اس کا تو انہوں نے اپنی طرف سے یہی بتایا ہے ایڈ منسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نے کہ یہ گاڑیاں ہم نے الاٹ کی ہیں اور اس کے اوپر ان کا کوئی کنڑول نہیں ہے لیکن میں یہ سمجھتی ہوں کہ خاص طور پر جو میڈیا میں بعض اوقات تصویر میں کوئی بھینس Loaded ہے کسی گاڑی میں، یا وہ گاڑیاں جو ہیں وہ مختلف Occasions پہ ہم نے دیکھی ہیں کہ کوئی ایسا سامان جو کہ Irrelevant سامان ہے، مختلف Occasions پہ شادیوں پہ، تو یہ میں سوال سے مطمئن نہیں ہوں۔ میرا تو یہ خیال ہے کہ اس پر سیر حاصل ڈسکشن ہونی چاہیئے کیونکہ ایڈ منسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نے ظاہر ہے حکومت کی جو پالیسی ہے، اس کو سپورٹ کرنے کیلئے صاف بتایا ہے کہ ہم نہیں ہیں لیکن اس حوالے سے جو میڈیا کی رپورٹس ہیں یا عام لوگوں کے مشاہدہ میں جو بات آتی ہے، کئی دفعہ میں خود دیکھتی ہوں، وہ اس معاملے میں نہیں ہیں اور نہ یہاں پہ اس سوال میں اس پر کوئی بات کی ہے۔ اگر فرض کریں کہ کچھ گاڑیاں ایسی ہیں جو کہ افسران جن کو یہ گاڑیاں الاٹ ہوئی ہیں، ان کی Families استعمال کر رہی ہیں تو وہ بھی ہمیں دیکھنا پڑے گا کہ کیا وہ اس

حوالے سے Authorized ہیں کہ نہیں؟ تو میرا سوال بنیادی طور پر اس کو Unauthorized usage کے حوالے سے تھا جس پہ یہ نہیں ہے، تو میری درخواست ہے کہ اس کو آپ کمیٹی کو ریفر کریں۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان صاحب!

جناب شاہ فرمان (وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ): جناب سپیکر! بڑا Valid concern ہے لیکن گورنمنٹ کی جو پالیسی ہے اور اس کے اوپر جتنی ہماری تیاری ہے اور جتنی میٹنگز ہوئیں، Monetization policy already تیار ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ جو Concerns ہیں آنریبل ممبر کے، وہ ویسے بھی دور ہو جائیں گے لیکن اس میں کوئی شک نہیں، ہم اس کو جہاں اگر یہ پوائنٹ آؤٹ کر سکتی ہے تو اس کے اوپر بھی گورنمنٹ ایکشن لے گی اور اگر یہ ہاؤس کی ایک Collective responsibility ہے کہ Efficiency بڑھائے گورنمنٹ کی، تو میں سمجھتا ہوں کہ اگر ایسا کوئی Pinpoint کر سکے کہ یہاں پر یہ غلطی ہو رہی ہے یا ہو تو اس میں کوئی شک نہیں، باقی جو گورنمنٹ نے جو Extra vehicles collect کی ہیں Different departments سے، وہ کافی زیادہ ہیں، کوئی سینکڑوں کے حساب سے، وہ بھی جو ہیں وہ Extra vehicles اب ڈیپارٹمنٹس کے پاس ہیں بھی نہیں اور اصل چیز جو ہے، وہ Monetization ہے کہ جس کے اندر گورنمنٹ کا ایک ویژن ہے کہ گاڑیوں کا کس طرح استعمال ہونا چاہیئے یا اگر جو Entitled ہے یا کس کو گاڑی دینی چاہیئے یا نہیں دینی چاہیئے، یہ اس پالیسی کے اوپر ہم عمل پیرا ہیں، تو ان شاءاللہ یہ شکایت بڑی جلدی دور ہو جائے گی اور ایک پرانا سلسلہ اس طرح چلتا آرہا ہے، اس میں کوئی شک نہیں کہ Culturally لوگ اس طرح کرتے رہیں، Over the years کرتے رہیں لیکن موجودہ حکومت اس کے اوپر نظر رکھی ہوئی ہے اور اس کیلئے پالیسی بھی تیار کر رہے ہیں اور کافی ایکشنز بھی ہم لے چکے ہیں، کوئی پانچ چھ سو گاڑیاں ایڈمنسٹریشن والوں نے مختلف ڈیپارٹمنٹس سے لے کر وہ Parked ہیں تو اگر آنریبل ممبر کوئی اس میں Help کر سکتی ہیں، ان کی Suggestions آسکتی ہیں تو اس کے اوپر ہم بات کریں گے لیکن میں سمجھتا ہوں کہ تیاری کر رہے ہیں کہ اگلے بجٹ میں Monetization کی Policy expected ہے، مجھے Confirm expected ہے کہ اس سے یہ سارے مسائل حل ہو جائیں گے۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: جی میڈم!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! میں وزیر موصوف کی اس بات کے ساتھ Agree کرتی ہوں کہ یہ حکومت اس سلسلے میں کافی، ایک پالیسی لا رہی ہے لیکن وہ پالیسی تو جب آئے گی تو آئے گی، موجودہ صورتحال دیکھنا ہمیں ضروری ہے اور اس سلسلے میں جو بے دریغ وسائل اور جو حکومتی ریسورسز ہیں، ذرائع، ان کا جو استعمال ہو رہا ہے، ویسے تو As a Standing Committee Chairperson یہ میرے Prerogative میں ہے کہ میں ان کو اس پہ وہاں پہ کر سکتی ہوں لیکن اگر اسمبلی کی طرف سے یہ ریفر ہو جائے تو اس کو باقاعدہ دیکھا جائے کیونکہ بعض ایسے آفیسرز جن کو Authorized بھی ہیں، انہوں نے بھی ایک سے کئی زیادہ گاڑیاں رکھی ہوئی ہیں اور Unauthorized use نہیں ہے اور جن کو Authorized ہیں، اس پر تو کوئی ہمیں اعتراض نہیں ہے، وہ تو ظاہر ہے حکومت کی ایک Authorization کے مطابق ہے لیکن اس پہ میرا خیال ہے حکومت کو کوئی ایسی توقع نہیں ہونی چاہیئے اور یہ کمیٹی میں اگر جائے تو سامنے وہ سیچویشن آئے گی اور جہاں تک میرا یہ ہے کہ میں اگر کوئی ان کو Pinpoint کروں تو آئندہ سے پھر ہم وہ نمبر لکھنا شروع کر دیں گے لیکن یہ میرا خیال ہے خود ان کے بھی مشاہدے میں کئی دفعہ آتا ہو گا کہ وہ گاڑیاں کہاں کہاں پہ اور کس طرح استعمال ہو رہی ہیں۔

جناب سپیکر: شاہ فرمان صاحب!

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: اگر آنریبل ممبر یہ سمجھتی ہیں اور میں Agree کرتا ہوں ان کے ساتھ، انہوں نے مجھے Convince کیا کہ واقعی اگر بے دریغ استعمال ہے وسائل کا تو اس میں۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ Agree کرتے ہیں؟

وزیر پبلک ہیلتھ انجینئرنگ: میں بالکل Agree کرتا ہوں، اس کو کمیٹی میں جانا چاہیئے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question, asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Yes' and those who are against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The Question is referred to the concerned Committee. کونسا کوسچن رہ گیا تھا بیچ میں؟

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: 2268۔

جناب سپیکر: مو نبر سرہ نشتہ۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: 2268 جناب سپیکر!

جناب سپیکر: کوسچن 2268، 2268 ۔ہاں میڈم!

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: شکریہ جناب سپیکر، کوسچن نمبر 2268۔

جناب سپیکر: جی۔

* 2268 _ محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: کیا وزیر خزانہ ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ فارسٹ ڈیویلپمنٹ کارپوریشن میں آفس اسٹنٹس اور ورک اسٹنٹس کو حکومتی پالیسی کے تحت اپ گریڈ کیا گیا ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ فارسٹ ڈیویلپمنٹ کارپویشن میں لیگل اسسٹنٹ کو اپ گریڈیشن پالیسی میں نظرانداز کیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو آیا یہ رویہ ذاتی پسند و ناپسند کی بنیاد پر اپنایا گیا ہے، اس کی وجوہات بتائی جائیں؟

جناب مظفر سید (وزیر خزانہ) {جواب سینیئر وزیر (بلدیات) نے پڑھا}: (الف) جی نہیں، فارسٹ ڈیویلپمنٹ کارپویشن ایک خود مختار ادارہ ہے اور اپنے معاملات اپنے بورڈ کے مجوزہ قانون کے تحت حل کرتا ہے۔ حکومتی اپ گریڈیشن پالیسی صوبائی حکومت کے سول ملازمین کیلئے ہے جو کہ دیگر خود مختار اور نیم خود مختار اداروں کے ملازمین پر لاگو نہیں ہے۔

(ب) ایضاً۔

(ج) صوبائی حکومت اور اس کے ذیلی ادارے تمام اپ گریڈیشن قانون اور میرٹ کی بنیاد پر کرتے ہیں جس میں ذاتی پسند و ناپسند کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔

محترمہ انیسہ زیب طاہر خیلی: جناب سپیکر! یہ سوال جو ہے، فارسٹ ڈیویلپمنٹ کارپوریشن کے آفس اسسٹنٹس اور مارکیٹنگ اسسٹنٹس اور ورک اسسٹنٹس جو ہیں، ان کے حوالے سے تھا اور اس کے علاوہ لیگل اسسٹنٹس، تو جہاں پہ حکومت نے ایک پالیسی، اتنی زیادہ اپنی جو حکومتی وہ ہیں، ہر سطح پہ اپ گریڈیشنز کی ہیں تو محکمے نے یہ جواب دیا ہے وزیر خزانہ صاحب کی طرف سے، آج وہ نہیں ہیں لیکن پچھلی دفعہ بھی ہم نے یہ سوال اسی لئے مؤخر کیا تھا کہ ان کی مصروفیت تھی اور انہوں نے کہا تھا کہ میں خود آکے اس کا جواب دوں گا، بنیادی طور پہ جب اپ گریڈیشنز اتنی زیادہ ہو رہی ہیں تو بے شک یہ ذیلی ادارہ ہے یا خود مختار ادارہ ہے لیکن یہ حکومت کے حوالے سے ہیں اور اگر خود مختار یا نیم خود مختار اداروں پہ یہ پالیسی لاگو نہیں ہے تو یہ بھی ایک Injustice ہے کیونکہ ان سے جونیئر حکومتی اداروں کے جو ملازمین ہیں، وہ اپ گریڈ ہو رہے ہیں تو ان بے چاروں کا کیا قصور ہے؟ کام تو یہ بھی حکومت کے حوالے سے ہی کر رہے ہیں۔ تو اگر ان کا خود مختار بورڈ بھی ہے لیکن وزارت خزانہ کی طرف سے وہ نہیں ہوتی ہے Approval، اسلئے میں نے یہ سوال براہ راست محکمہ خزانہ سے کیا ہے کہ وہ اس قسم کے ملازمین کی اپ گریڈیشن کیلئے کیا پالیسی لا رہی ہے؟ تو اس پر انہوں تو وہی ایک رسمی قسم کا جواب دے دیا ہے تو میری تو ان سے اصل بات یہ ہے کہ یہ آپ ذاتی پسند و ناپسند کی بنیاد پر محکموں کو اپ گریڈ کریں گے یا پھر Across the board یہ سہولت ان تمام جو ایسے ملازمین ہیں، ان کو بھی یہ دی جائے گی؟ یہ میرا سوال تھا لیکن وہ کوئی اس کا اطمینان بخش طریقے سے جواب نہیں دیا گیا۔

جناب سپیکر: جی، آپ عنایت خان!

جناب عنایت اللہ {سینیئر وزیر (بلدیات)}: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ ویسے ایف ڈی سی جو ہے، وہ فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کے ماتحت کام کرتا ہے، اٹانومس ادارہ ہے، کارپوریشن ہے اور فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کا بھی اس طرح Directly وہ نہیں ہے جس طرح فارسٹ ڈیپارٹمنٹ کے باقی ایمپلائز ہوتے ہیں لیکن فارسٹ ڈیپارٹمنٹ اس کا Parent department ہے۔ ظاہر ہے محکمہ خزانہ چونکہ ساری اپ گریڈیشنز اور سروس سٹرکچر کے اندر Relevant ہوتا ہے اسلئے میڈم نے محکمہ خزانہ کو ایڈریس کیا ہے لیکن سوال درست ہے۔ یہ انہوں نے مطلب کوئی رسمی کارروائی نہیں کی ہے، سوال کا جواب درست ہے، وہ اسلئے درست ہے کہ اٹانومس کارپوریشن اپنی اپ گریڈیشن خود کرتا ہے، وہ محکمہ خزانہ یا اسٹیبلشمنٹ

ڈیپارٹمنٹ کے پاس نہیں بھیجتے ہیں کیونکہ یہ سول سرونٹس نہیں ہیں، اٹانومس کارپوریشن کے ایمپلائز جو ہیں وہ سول سرونٹس نہیں ہوتے ہیں اور اٹانومس کارپوریشن کے لوگ جو ہیں، وہ ان کے اپنے لاز ہوتے ہیں، ان کے اندر ان کی سروسز کو ڈیل کیا جاتا ہے اور ان کے ریونیوز بھی اپنے ہوتے ہیں، یعنی جب حکومت ان کو ریونیو نہیں فراہم کرتی، وہ اپنا ریونیو خود جنریٹ کرتا ہے تو پھر اٹانومس کارپوریشنز دیکھتے ہیں کہ ان کے ریونیو کے اندر کیا گنجائش موجود ہے؟ لیکن اگر ایف ڈی سی کے اندر پروموشنز باقی لوگوں کو ملی ہیں اور اسی سکیل کے دوسری کیٹگری کو اب پروموشنز نہیں ملی ہیں، ظاہر ہے یہ ایک قسم کی بے انصافی تو لگتی ہے، تو میرے خیال میں یہ بات ان سے اٹھائی جاسکتی ہے، ایف ڈی سی سے یہ بات کی جاسکتی ہے اور محکمہ خزانہ یہی جواب دے سکتا تھا جو انہوں نے لکھا ہے لیکن As a government یہ بات ہم ان سے اٹھا سکتے ہیں کہ اس کو Examin کریں Let me check, if the FDC, let me refer it to the FDC کہ وہ اس کو Examin کرے اور ایف ڈی سی اس کا کوئی جواب بھیجے اور اس جواب کو پھر فارسٹ منسٹر یا انوائرنمنٹ منسٹر یا اگر ان کا کوئی دوسرا Cabinet colleague، اس کو اسمبلی کے اندر Present کرے تو میرے خیال میں مناسب رہے گا اور Overall سروس سٹرکچر کے حوالے سے اس حکومت کے اوپر بہت بڑا پریشر ہے۔ جو کلرکس کو اپ گریڈیشن دی گئی ہے، اس کے بعد فلڈ گیٹ اوپن ہوا ہے، فارسٹ گارڈز بھی سروس سٹرکچر مانگ رہے ہیں، 12 سکیل مانگ رہے ہیں، یونین کونسل کے سیکرٹریز مانگ رہے ہیں، ہائی سکول کے گریڈ 17 کے Onward جو ہیڈ ماسٹرز ہیں، وہ اپنے لئے ایک مانگ رہے ہیں، جو ایس ایس ٹی ٹیچرز ہیں، وہ اپنے لئے مانگ رہے ہیں، پی ایس ٹی ٹیچرز کا اپنا ایک مطالبہ ہے، اس طرح جو پی ایس ٹی ٹیچرز میٹرک ہیں، ان کا اپنا ایک مطالبہ ہے، یعنی کوئی ایسا گروپ نہیں ہے، کلاس فور کا اپنا مطالبہ ہے اور سر! آپ دیکھتے ہیں کہ روزانہ اس اسمبلی کے سامنے کوئی نہ کوئی گروپ آجاتا ہے، روڈ کو بلاک کر دیتا ہے، تو سچی بات یہ ہے کہ حکومت کیلئے بہت مشکل صورتحال ہے اور میں سمجھتا ہوں کہ ان سارے سروس سٹرکچرز کو اگر منظور کیا جاتا ہے تو اس حکومت کے ساتھ ڈیویلپمنٹ کیلئے بالکل Space نہیں رہے گا اور ہمارے جتنے بھی ریونیوز ہیں، وہ سیلری اور پنشن کے اندر چلے جائیں گے، اسلئے حکومت کو بڑے Tight rope پہ چلنا پڑتا ہے کہ ملازمین کو بھی Satisfy کرے اور ڈیویلپمنٹ کیلئے Space بھی چھوڑے۔ یہ ساری چیزیں میرا

خیال ہے کہ میڈم اس کو سمجھتی ہیں، حکومت نے اس وجہ سے اس کیلئے High powered Committee بنا دی تھی، میرے خیال میں چیف سیکرٹری کی قیادت میں کہ وہ پورے صوبے کیلئے یونیفارم سروس سٹرکچر کے اوپر کام کرے اور میرے خیال میں وہ کام جو ہے اس پہ وہ جاری ہے، اس پہ کام چل رہا ہے تو ہم امید رکھیں گے کہ ایک ایسا یونیفارم سروس سٹرکچر ساری سروسز کو دیا جائے کہ جس کے نتیجے میں کسی کو پھر مظاہرے کی ضرورت بھی نہ پڑے اور حکومت کے ریونیوز کے اندر بھی وہ بیلنس قائم کیا جائے کہ اس کے اندر ڈیویلپمنٹ کیلئے Space موجود ہو۔ تھینک یو ویری مچ۔

Mr. Speaker: Next, Mufti Said Janan, 2374, 2374.

مفتی سید جانان: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب! زه به د سوال کولو نه مخکښې يو ګزارش او کړم، تاسو لکه څنګه او فرمائيل چې د دغې اسمبلئ دويم کال پوره شو، د ملګرو د ممبرانو ښه کارکردګي تاسو اوستائله۔ جناب سپيکر صاحب، د ملګرو به ښه کارکردګي وي خو ديکښې ډير زيات کردار ستاسو دے او د اسمبلی سيکرټريټ کله هم که ممبرانو ته مشکل پيښ شوے دے، هغوی يوه بهترينه رهنمائی کړې ده او تاسو دوه کالو نه په دغې کرسئی باندې ناست يئ، خدائے مې د نه غلطوی تاسو به د اپوزيشن او د حکومت ملګرو ته په يو نظر باندې کتلې وی، ښه توجه به مو ورکړې وی او د دې ټولو ملګرو حوصله افزائی به مو کړې وی نو که چرې زمونږه حسن کارکردګئی ته جناب سپيکر صاحب! دا ستاسو د حسن کارکردګئ په وجه باندې دا زمونږ حسن کارکردګی ده چې څومره مونږ د داد او د تحسين لائق يو هم دغه شان جناب سپيکر صاحب! مونږ نه ډير زيات تاسو او د اسمبلئی سيکرټريټ او د هغې افسران دغې حسن کارکردګئی کښې مکمل مونږ سره شريک دی جناب سپيکر صاحب۔ جناب سپيکر صاحب، زه هغې نه بعد زما سوال دے 2374، ديکښې ما د متاثرينو د بچو هغه مستقبل تپوس کړے دے چې هغه يو ډير بيدردئ سره بغير د تعليمه، بغير د مراعاتو رالوئيږی او سبا زمونږ د تاسو د دغې معاشرې حصه جوړيږی۔ ما دا تپوس کړے دے چې څومره کيمپونه دی خو جناب سپيکر صاحب! زه په دې باندې نه پوهيږم، ما ته جواب کښې ليکلی دی چې "خیبر پختونخوا اور فاٹا میں یو این ایچ سی آر کے مطابق جلوزئی نیو درانی اور تور غر میں تین کیمپ موجود ہیں" منسٹر صاحب نه دا تپوس کوم چې

دې تورغر کښې مطلب دا دے د کوم ځائې متاثرین دی او جلوزئی کښې خو څه د باړې متاثرین شولو او درانی کیمپ کښې د کرمې ایجنسئی متاثرین شولو خو دې تورغر کښې مطلب دا دے د کوم ځائې متاثرین دی؟ دا منسټر صاحب نه لږ معلومات کوم۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

مفتی سید جانان: او د اورکزئی، او د اورکزئی ایجنسئی متاثرین کوم کیمپ کښې پراته دی، هغه دلته ولې ذکر نشته دے؟

جناب سپیکر: میڈم مہرتاج روغانی!

ڈاکٹر مہر تاج روغانی (معاون خصوصی برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں): Thank you Mr. Speaker, I asked the department and they said چې تورغر کښې متاثرین May be not، د War conflict به نه وو، د War conflict نه خو متاثرین As such به وو، That's why they have mentioned the name here۔ متاثرین یو د War conflict وی او یو د Conflict نه بغیر هم متاثرین کیدے شی نو May be that is او که دوئ کلیئر نه وی نو Anyway I clarify it later on چې دا متاثرینو کښې دی او که نه؟ سیکنډ پورشن د دوئ د کوئسچن،
Should I go to the second Mufti Sahib!

جناب سپیکر: جی جی۔

معاون خصوصی برائے سماجی بہبود و ترقی نسواں: بنه۔ سیکنډ کوئسچن د دوئ دا The same question د سیکنډ پورشن دے چې آیا دیکښې What is the like number of the children? نو دیکښې Twenty one thousand six hundred eighty six children دی And دیکښې Both the girls and boys دواړه دی، Formal school twenty and non formal, to be quite honest, I don't know about the non formal and I asked them او هغوی ما ته اووئیل چې دا 'نان فارمل' هغه دی چې دا هغه بچی دی، They don't go to the school like nursery and pre-nursery او هغې کښې Playgroup type دغه دی نو That was the answer given to me and personally when I visited Bannu myself نو ما ته پته ده چې هغې کښې هغه وخت کښې سکولونه زیات تر په دغه

I think by now probably کبنې وو یا کالج کهلاؤ وو یا سکول کهلاؤ وو خو most of them have gone back as well, because آئی ډی پیز واپس شوی دی نو Latest figure دا نه دے ، دا هغه دے چې کله دوئ کوئسچن کړے وو۔

جناب سپیکر: میرے خیال میں اس کو پینڈنگ کرتے ہیں،اس کوئسچن کو۔

